قرآن پاک، احادیث اور مستند کتابوں کے حوالہ جات سے مرتب کردہ

روشن مستقبل کی ضامن کتاب

2013-2014

علم کے خزانے

جنت کے پروانے

اور

بے شمار دعاؤں کے ساتھ



ماسٹر پبلشرز

المعراج سنٹر 22-اُردو بازار لاہور

فون: 042-37116363

موبائل: 0333-4224994

علم کے خزانے

ایجنٹ صاحبان

گجرانوالہ
وقار حسین جعفری 0321-7430612

ملتان
ارشد علی علی حسن حسنین علی
محمد عمران شہزاد راحت جاوید
حیدر علی محمد جمیل محمد عبداللہ
فہیم احمد امداد حسین سلیم
ارشد 0336-6101855
محمد رمضان ڈیرہ اڈا ملتان

بھاول پور
نیاز احمد 0302-6568276

کراچی
طارق شہزاد 0307-7459098
محمد یونس 0307-2948338

خانیوال کاشف علی شعیب علی

چشتیاں محمد سلیم

مظفر گڑھ شکیل شاہ

ہارون آباد حسین علی محمد سلیم انور شہزاد

اسٹاکسٹ

محمد یوسف ملتان 0346-3085942 0305-6969032

محمد جاوید حیدری ملتان 0300-4061796

نیو وحید کاپی ہاؤس ہارون آباد۔ فون: 063-2253000

ماسٹر پبلشرز
المعراج سنٹر 22-اُردو بازار لاہور
فون: 042-37116363
موبائل 0333-4224994
0331-4882727

قیمت: 30 روپے

معلومات قرآن مجید

س: قرآن مجید کے پارہ نمبر 1 کی سورۃ فاتحہ میں لفظ "اللہ" کتنی مرتبہ آیا؟

ج: ایک مرتبہ

س: قرآن مجید کے پارہ نمبر 27 کی سورۃ قمر میں لفظ "اللہ" کتنی مرتبہ آیا؟

ج: ایک مرتبہ بھی نہیں

س: قرآن مجید کے پارہ نمبر 27 سورۃ رحمٰن میں لفظ "اللہ" کتنی مرتبہ آیا؟

ج: ایک مرتبہ بھی نہیں

س: قرآن مجید کے پارہ نمبر 29 کی سورۃ معارج میں اللہ تعالیٰ کا نام "اللہ" کتنی مرتبہ آیا۔

ج: ایک مرتبہ بھی نہیں

س: وہ کونسے واحد نبی ہیں جن کی قسم اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اٹھائی؟

ج: نبی اکرم ﷺ

س: نبی اکرم ﷺ کے وہ کونسے چچا ہیں جن کا قرآن مجید میں نام ایک مرتبہ آیا؟

ج: ابولہب، سورہ لہب میں

س: قرآن مجید کی وہ کونسی چھ سورتیں ہیں جو انبیاء کرامؑ کے نام پر ہیں؟

ج: (۱) سورہ یونس (۲) سورہ ہود (۳) سورہ یوسف (۴) سورہ ابراہیم (۵) سورہ نوح (۶) سورہ محمد

س: دنیا میں قرآن مجید کا قدیم ترین نسخہ کہاں موجود ہے اور یہ کب تحریر کیا گیا؟

ج: قرآن مجید کا قدیم ترین نسخہ لندن میں موجود ہے۔ اور یہ نسخہ 1203ء میں تحریر کیا گیا تھا۔

س: قرآن مجید پر اعراب لگانے کی خدمت کس نے سرانجام دی؟

ج: ابوالاسد دوئلی تابعی نامی شخص نے حجاج بن یوسف کے حکم پر سرانجام دی۔

س: قرآن مجید کی سب سے پہلے اُترنے والی آیت کس پر تحریر کی گئی؟

ج: کھجور کے پتے پر

س: لفظ ''سیپارہ'' کس زبان کا لفظ ہے؟ ج: فارسی زبان

س: قرآن مجید میں لفظ ''قُل'' کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: قرآن مجید میں لفظ ''قُل'' 332 مرتبہ آیا ہے

س: قرآن مجید جس ترتیب سے نازل ہوا وہ کیا کہلاتی ہے؟ ج: ترتیب نزولی۔

س: قرآن مجید کی کس سورہ کو باب القرآن کہا جاتا ہے؟ ج: سورۃ فاتحہ۔

س: قرآن مجید کی کس سورہ کو عروس القرآن کہا جاتا ہے؟ ج: سورہ الرحمٰن

س: قرآن مجید میں رکن اسلام ''نماز'' کا کتنی مرتبہ ذکر آیا؟ ج: 700 سو مرتبہ

س: نبی کریم ﷺ پر قرآن مجید مکہ میں کتنا عرصہ نازل ہوا؟ ج 12 سال 5 ماہ 13 دن

س: مدینہ منورہ میں نبی کریم ﷺ پر قرآن مجید کتنا عرصہ نازل ہوا؟

ج: 9 سال 9 ماہ اور 9 دن

س: قرآن مجید نے خود اپنا تعارف کس نام سے کرایا ہے؟ ج: الکتاب کے نام سے

س: قرآن مجید میں ''مد'' کی علامت کتنی مرتبہ آئی؟ ج: 1771 مرتبہ

س: قرآن مجید کا سب سے پہلا ترجمہ کس زبان میں کیا گیا؟

ج: لاطینی زبان میں

س: دنیا میں سب سے زیادہ چھپنے والی اور پڑھی جانے والی کتاب ہے؟

ج: قرآن مجید

س: قرآن مجید کی مکی اور مدنی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج: مکی سورتوں کی تعداد 88 اور مدنی سورتوں کی تعداد 26 ہے۔

س: قرآن مجید میں سب سے زیادہ کون سا لفظ آیا ہے، اس کی تعداد کتنی ہے؟

ج: قرآن مجید میں سب سے زیادہ لفظ ''الف'' آیا ہے جس کی تعداد 48872 ہے۔

س: قرآن مجید میں سب سے کم لفظ کونسا استعمال ہوا ہے اور اس کی تعداد کتنی ہے؟

ج: قرآن مجید میں سب سے کم لفظ ''ظ'' استعمال ہوا ہے۔ جس کی تعداد 842 ہے۔

س: قرآن مجید کی کس سورہ میں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' دو مرتبہ آئی ہے؟

ج: سورہ النمل

س: قرآن مجید کی کل سورتیں اور آیات کتنی ہیں؟

ج: کل سورتیں 114 اور کل آیات 6236 ہیں۔ مشہور تعداد 6666 غلط ہے۔

س: زکوٰۃ کا قرآن مجید میں کتنی مرتبہ ذکر آیا؟ ج: 32 بار

س: لفظ یوم الدین کا قرآن مجید میں کتنی بار ذکر آیا؟ ج: 13 بار

س: لفظ ''طور'' کا قرآن مجید میں کتنی بار ذکر آیا؟ ج: گیارہ بار

س: لفظ ''مدینہ شہر'' کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا؟ ج: 14 بار

س: لفظ ''فجر'' کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا؟ ج: آٹھ بار

س: لفظ ''جن'' کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا؟ ج: چھ بار

س: لفظ ''انس'' کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا؟ ج: انیس بار

س: لفظ ''نطفہ'' کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا؟ ج: بارہ بار

س: لفظ ''انسان'' کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا؟ ج: 65 بار

س: لفظ ''صبر'' کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا؟ ج: 93 بار

س: لفظ ''فضل'' کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا؟ ج: 99 بار

س: قرآن مجید میں ''فضل اللہ'' کا ذکر کتنی بار آیا؟ ج: 20 بار

س: قرآن مجید میں ''پھل، ثمر، ثمرات'' کا ذکر کتنی بار آیا؟ ج: 29 بار

س: لفظ ''درخت، شجر'' کا قرآن مجید میں ذکر کتنی بار آیا؟ ج: 31 بار

س: قرآن مجید میں ''پہاڑ، جبل، جبال'' کا ذکر کتنی بار آیا؟ ج: 38 بار

س: قرآن مجید میں ''پتھر، حجر یا حجارۃ'' کا ذکر کتنی بار آیا؟ ج: 10 بار

س: قرآن مجید میں ''آل ابراہیم'' کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: دو مرتبہ

س: قرآن مجید میں ''آلِ یعقوبؑ'' کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: دو مرتبہ
س: قرآن مجید میں ''آلِ لوطؑ'' کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: چار مرتبہ
س: قرآن مجید میں ''آلِ موسیٰؑ'' کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: ایک بار
س: قرآن مجید میں ''آلِ ہارونؑ'' کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: ایک بار
س: قرآن مجید میں ''آلِ عمران'' کا ذکر کتنی بار آیا؟ ج: ایک بار
س: قرآن مجید میں حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: 14 بار
س: قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کتنی بار آیا؟ ج: چار بار
س: قرآن مجید میں حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: دو بار
س: قرآن مجید میں حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: ایک بار
س: قرآن مجید میں حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: 8 بار
س: قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: تین بار
س: قرآن مجید میں میں حضرت یونس علیہ السلام کی قوم کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: ایک بار
س: قرآن مجید میں آلِ فرعون کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: 14 بار
س: قرآن مجید میں قوم فرعون کا ذکر کتنی مرتبہ آیا؟ ج: 3 بار
س: قرآن مجید میں قوم عاد کا ذکر کتنی بار آیا؟ ج: 1 بار
س: قرآن مجید میں قوم ثمود کتنی بار آیا؟ ج: 3 بار
س: قرآن مجید میں ''یفرعون'' کتنی بار آیا؟ ج: 2 بار
س: قرآن مجید میں لفظ ''فرعون'' کتنی بار آیا؟ ج: 74 بار
س: قرآن مجید میں لفظ ''عاد'' کتنی بار آیا؟ ج: 26 بار
س: قرآن مجید میں لفظ ''ہامان'' کتنی بار آیا؟ ج: 6 بار
س: قرآن مجید میں لفظ ''قارون'' کتنی بار آیا؟ ج: چار بار

حضور ﷺ کی معلومات

سوال: حضور ﷺ کی پیدائش مکہ کے کس مشہور مکان میں ہوئی ؟

جواب: سواللیل ۔ مکہ کے مشہور مکان میں ۔

سوال: حضور ﷺ کا نام احمد کس نے رکھا؟

جواب: آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے ۔

سوال: آپ ﷺ کی شکل مبارک کس نبی سے ملتی جلتی تھی؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ۔

سوال: آپ ﷺ کے نانا کا کیا نام تھا؟ جواب: وہب بن عبدالمناف ۔

سوال: حضور ﷺ کی نانی کا کیا نام تھا؟ جواب: برّہ بنت عبدالعزیٰ ۔

سوال: آپ ﷺ کی ڈھال کا نام کیا تھا؟

جواب: آپ ﷺ کی ڈھال کا نام ''زلوق'' تھا۔

سوال: آپ ﷺ کو جو تلوار وراثت میں ملی اس کا کیا نام تھا؟

جواب: آپ ﷺ کو جو تلوار وراثت میں ملی اس کا نام ''ماتور'' تھا۔

سوال: آپ ﷺ نے کتنے عمرے کیے؟ جواب: آپ ﷺ نے چار عمرے کیے۔

سوال: آپ ﷺ نے کتنے حج کیے؟ جواب: آپ ﷺ نے ایک حج کیا۔

سوال: آپ ﷺ کے کتنے چچا تھے؟ جواب: آپ ﷺ کے گیارہ چچا تھے۔

سوال: حضور ﷺ کی ولادت باسعادت پر کون سا اہم واقعہ ہوا تھا؟

جواب: فارس کا آتش کدہ خود بخود بجھ گیا تھا جو سو سال سے روشن تھا۔

سوال: حضور ﷺ کی پیدائش پر کون سا دریا خشک ہو گیا تھا؟

جواب: دریائے سارہ۔

سوال: حضور ﷺ کو نماز اور وضو کا طریقہ کس نے سکھایا؟

جواب: حضرت جبرائیل علیہ السلام نے۔

سوال: آپ ﷺ پر حضرت جبرائیل علیہ السلام کتنی بار وحی لے کر نازل ہوئے؟

جواب: دو ہزار چار سو مرتبہ۔

سوال: آپ ﷺ کن کے جنازے میں شریک ہونا ناپسند کرتے تھے؟

جواب: قرض داروں کے جنازے میں۔

سوال: آپ ﷺ کے منہ بولے بیٹے کون تھے؟

جواب: حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضور ﷺ نے پہلی نماز جمعہ کہاں ادا کی؟ جواب: بنی سالم میں۔

سوال: حضور ﷺ کا نام "محمد" پیدائش کے کتنے دن بعد رکھا گیا؟

جواب: سات دن بعد

سوال: قرآن مجید کے علاوہ آپ ﷺ کا نام اور کس کتاب میں آیا ہے؟

جواب: تورات میں۔

سوال: اہل جنت کیلئے آپ ﷺ کا نام کیا ہے؟ جواب: عبدالکریم۔

سوال: اہل جہنم کیلئے آپ ﷺ کا نام کیا تھا؟ جواب: عبدالجبار۔

تاریخ اسلام

سوال: دنیا میں وہ کون سی مسجد ہے جس میں دو رکعت نماز پڑھنے کا ثواب عمرے کے برابر ہے؟ جواب: مسجد قبا۔

سوال: جنت کے داروغہ کا نام کیا ہے؟ جواب: رضوان۔

سوال: جہنم کے داروغہ کا نام کیا ہے؟ جواب: مالک۔

سوال: دنیا میں وہ کون سی پاک جگہ ہے جہاں پر نماز پڑھنا جائز نہیں؟

جواب: خانہ کعبہ کی چھت۔

سوال: ابتدائے اسلام میں کون سی نمازیں پڑھی جاتی تھیں؟

جواب: نماز فجر اور نماز مغرب۔
سوال: وہ کون سا علم ہے جو فرشتوں کو بھی نہیں معلوم مگر اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو عطا کیا؟ جواب: علم الاسماء۔
سوال: نماز جنت کی کنجی ہے۔ نماز کی کنجی کون سی ہے؟ جواب: وضو۔
سوال: وہ کون سی تین ہستیاں ہیں جن کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے مگر وہ پیغمبر نہیں تھے؟
جواب: (۱) ذوالقرنین (۲) حضرت لقمان (۳) عزیز مصر
سوال: وہ کون سی خاتون تھیں جن کو فرشتے جنت کے پھل کھلاتے تھے؟
جواب: حضرت مریم علیہا السلام۔
سوال: من وسلویٰ کس دن نازل ہوتا تھا؟ جواب: ہفتہ کے دن۔
سوال: جب روزے فرض کیے گئے تو کھانے پینے کا وقت کون سا تھا؟
جواب: نماز مغرب سے لے کر عشاء تک۔
سوال: مسجد اقصیٰ میں آگ کب لگی تھی؟ جواب: 21 اگست 1969ء کو۔
سوال: وہ کون سی مسجد ہے جو جنات نے بنائی اور کتنے جنات نے؟
جواب: مسجد اقصیٰ۔ تین ہزار جنات نے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے دور میں۔
سوال: دنیا کے کس بادشاہ نے اللہ کے مقابلے میں دنیا میں جنت بنائی؟
جواب: قوم عاد کے بادشاہ شداد نے۔ جنت کا نام باغ ارم تھا۔
سوال: دنیا میں وہ کون سی جنگ لڑی گئی جو مسلمانوں کے ساتھ مل کر فرشتوں نے بھی لڑی؟ جواب: جنگ بدر۔

معلوماتِ انبیاء کرام

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے بعد کون پیغمبر ہوئے؟
جواب: حضرت شیث علیہ السلام۔
سوال: حضرت آدم علیہ السلام کی بیٹیوں کے کیا نام تھے؟ جواب: غازہ اور اقلیما۔

سوال: وہ کون سے پیغمبر تھے جن کیلئے جنت سے حور لائی گئی تھی؟

جواب: حضرت شیث علیہ السلام۔

سوال: دنیا میں وہ کون سے نبی تھے جو غار میں پیدا ہوئے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

سوال: وہ کون سے پیغمبر تھے جو اللہ تعالیٰ سے غلطی کی پناہ مانگتے ہوئے اتنا روئے کہ ان کے ارد گرد گھاس اُگ آئی؟ جواب: حضرت داؤد علیہ السلام۔

سوال: وہ کون سے پیغمبر تھے جو سو سال تک نیند میں رہے؟

جواب: حضرت عزیر علیہ السلام

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کس دن دریا میں ڈالا گیا؟

جواب: جمعتہ المبارک کے دن۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام زمین پر کیسا پانی پیتے تھے؟ جواب: بارش کا پانی۔

سوال: قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام کا نام کیا ہوگا؟ جواب: ابو محمد۔

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کس بیماری میں مبتلا تھے؟

جواب: سر سے پاؤں کے تلے تک جلتے ہوئے پھوڑے نکل آئے تھے۔

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا انتقال کس پہاڑ پر ہوا؟ جواب: کوہِ عباریم پر۔

سوال: حضرت خضر علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کون سا معجزہ عطا کیا تھا؟

جواب: زندہ کو مردہ اور مردہ کو زندہ کرنے کا معجزہ۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کے اس بیٹے کا نام کیا تھا جس سے حضورؐ کا ظہور رہوا؟

جواب: قیدار۔

سوال: حضرت یونس علیہ السلام کو کس دریا کی مچھلی نے نگل لیا تھا؟ جواب: نیوا۔

سوال: دنیا میں کس پیغمبر کو خون کے آنسو آئے تھے؟

جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام کو۔

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن کا نام کیا تھا؟ جواب: مریمؑ۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کتنے عرصہ قید میں رہے؟ جواب: سات برس تک

سوال: وہ کون سے پیغمبر تھے جو 12 برس تک نابینا رہے؟

جواب: حضرت شعیب علیہ السلام۔

عالمی معلومات

سوال: دنیا میں ایسا کون سا واحد ملک ہے جس کی کوئی فوج نہیں؟ جواب: سوئٹزرلینڈ

سوال: دنیا کے سب سے بڑے پھول کا کیا نام ہے؟

جواب: ریفلاشیا پھول۔ جس کا وزن ساڑھے آٹھ کلو ہے۔

سوال: وہ کون سی سمت ہے جس میں سال میں ایک بار سورج نکلتا ہے؟

جواب: قطب شمالی۔

سوال: دنیا کا کتنا حصہ پانی پر ہے؟ جواب: 71 فیصد۔

سوال: دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب کون سی ہے؟ جواب: قرآن مجید

سوال: دنیا میں سب سے زیادہ سنی جانے والی آواز کون سی ہے؟ جواب: اذان

سوال: دنیا کا سب سے طویل ترین سورج گرہن کب لگا اور کتنی دیر تک؟

جواب: 1955ء میں 7 منٹ اور 8 سیکنڈ۔

سوال: دنیا میں وہ کون سی جگہ ہے جہاں پر صرف ایک بار سورج کی کرنیں پڑیں، دوبارہ نہیں۔

جواب: وہ جگہ جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دریا میں سے راستہ دیا اور اللہ کے حکم سے پانی ہٹ گیا۔

سوال: خلا میں جانے والے پہلے جانور کا نام کیا تھا؟

جواب: جانور کتیا۔ اور اس کا نام لائیکا تھا۔

سوال: دنیا میں سب سے لمبی اور چوڑی دیوار کون سی ہے؟

جواب: دیوارِ چین ۔لمبائی 1500 میل ۔ چوڑائی 32 فٹ ۔

سوال: دنیا میں انسانی فنِ تعمیر کون سی ہے جو چاند پر سے نظر آتی ہے؟ جواب: دیوارِ چین

سوال: دنیا میں ایسا کون سا بادشاہ تھا جس نے اپنے خون سے کتاب لکھی؟

جواب: جاپان کے بادشاہ شوکر میجی نے۔

سوال: دنیا میں ایسا کون سا مذہب ہے جو بہت بڑا ہے مگر اس مذہب میں ہستیِ اعلیٰ یعنی خدا کا تصور نہیں ہے؟ جواب: بدھ مت مذہب۔

سوال: دنیا میں ایسا کون سا سمندر ہے جہاں مچھلیاں زندہ نہیں رہ سکتیں؟ جواب: بحیرہ مردار

سوال: فرانس کی دُلہن کسے کہتے ہیں؟ جواب: پیرس کو۔

سوال: برطانیہ کس وبا کی لپیٹ میں آیا تھا جس کی وجہ سے 75000 افراد لقمہ اجل بن گئے تھے؟ جواب: طاعون کی وبا سے۔

سوال: دنیا کا سب سے قدیم شہر کون سا ہے؟ جواب: دمشق۔

حیوانات کی معلومات

سوال: ایسا کون سا جانور ہے جس کے دانت پیٹ میں ہوتے ہیں؟ جواب: کیکڑا

سوال: دنیا میں سب سے چھوٹے مینڈک کہاں پائے جاتے ہیں؟ جواب: امریکہ کے شہر کیوبا

سوال: دنیا میں کون سا کیڑا ہے جس کی آواز ایک میل تک سنی جا سکتی ہے؟ جواب جھینگر

سوال: اگر بلی کا پیٹ خراب ہو جائے تو کیا کرتی ہے؟ جواب: گھاس کھا لیتی ہے۔

سوال: دنیا میں سب سے چالاک پرندہ کون سا ہے؟ جواب: کوا۔

سوال: دنیا میں وہ کون سا جانور ہے جس کا جسم انسان کے جسم کے ساتھ ملتا ہے؟

جواب: مینڈک۔

سوال: دنیا میں ایسا کون سا پرندہ ہے جو اپنا گھونسلا نہیں بناتا؟ جواب: چمگادڑ۔

سوال: وہ کون سا جانور ہے جس کی آٹھ آنکھیں ہوتی ہیں؟ جواب: مکڑی۔

سوال: وہ کون سا جانور ہے جو بغیر کھائے پیئے دو سال تک زندہ رہ سکتا ہے؟ جواب: سانپ

سوال: انسان کے بعد ذہین ترین مخلوق کون سی ہے؟ جواب: مکڑی اور ڈولفن۔
سوال: وہ کون سا جانور ہے جس کا دل اور پیٹ اس کے دماغ میں ہوتا ہے؟
جواب: جھینگے کی قسم کا خول دار جانور۔
سوال: وہ کون سا پرندہ ہے جس سے چمڑا حاصل کیا جا سکتا ہے؟ جواب: شترمرغ۔
سوال: وہ کون سا جانور ہے جو اپنے وزن کے مطابق خوراک کھا لیتا ہے۔ مگر اس کا پیٹ نہیں بھرتا؟ جواب: ٹڈی۔
سوال: وہ کون سا جانور ہے جو اپنے وزن سے پینتیس گنا زیادہ وزن اٹھا سکتا ہے؟
جواب: چیونٹی۔
سوال: وہ کون سا پرندہ ہے جس کی دُم نہیں ہے؟ جواب: کیوی۔

جدید سائنسی آلات

سوال: ہوا کا وزن ناپنے کے لئے کون سا آلہ استعمال ہوتا ہے؟ جواب: ایرومیٹر
سوال: خالص دودھ کا پتہ لگانے والے آلے کا نام کیا ہے؟ جواب: لیکٹومیٹر۔
سوال: حرارت معلوم کرنے والے آلے کا نام کیا ہے؟ جواب: کیلوری میٹر۔
سوال: آگ کا درجہ حرارت ناپنے والے آلے کا نام کیا ہے؟ جواب: پائرومیٹر۔
سوال: زلزلے کی طاقت ناپنے کیلیے کون سا آلہ استعمال ہوتا ہے؟ جواب: سیموگراف
سوال: بلڈ پریشر ناپنے کیلیے کون سا آلہ استعمال ہوتا ہے؟ جواب: کیموگراف۔
سوال: دھڑکن معلوم کرنے والے آلے کا نام کیا ہے؟ جواب: کارڈیوگراف۔
سوال: بارش کی مقدار ناپنے والے آلے کا نام کیا ہے؟ جواب: رین گیج۔
سوال: چھوٹی چیزوں کو دیکھنے کیلیے کون سا آلہ استعمال ہوتا ہے؟ جواب: مائیکروسکوپ

متفرقات

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام کیا تھا؟ جواب: ذوالفقار۔
سوال: صلح حدیبیہ کا معاہدہ کس نے تحریر کیا تھا؟ جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کتنے عرصہ خلیفہ رہے؟ جواب: چار سال نو ماہ۔
سوال: شکاگو میں آگ لگنے سے اربوں ڈالر کا نقصان کب ہوا؟ جواب: 1871ء میں
سوال: فرعون کی لاش کس جگہ سے برآمد کی گئی؟ جواب: مصری مقام باب المملوک سے
سوال: فرعون کی لاش کس سن میں ملی اور آج کل کہاں ہے؟
جواب: 1889ء میں۔ قاہرہ کے عجائب گھر میں ہے۔
سوال: قرآن مجید لکھوا کر سب سے پہلے کس نے تقسیم کیا؟
جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔
سوال: کس خلیفہ کے عہد میں نماز تراویح کو جماعت کے ساتھ پڑھنے کا حکم ہوا؟
جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔
سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو کس غلام نے شہید کیا تھا؟ جواب: ابولولو فیروز نے
سوال: لندن میں بدترین آگ کب لگی؟ جواب: 1966ء میں۔
سوال: ہندوستانی شہر اور بندرگاہ کلکتہ کی بنیاد کب رکھی گئی؟ جواب: 1698ء میں۔
سوال: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کا کیا نام تھا؟ جواب: ذوالجناح
سوال: دنیا میں سب سے زیادہ کھائی جانے والی سبزی کون سی ہے؟ جواب: آلو۔
سوال: انسانی دل کا سائز کتنا ہوتا ہے؟ جواب: انسان کی بند مٹھی کے برابر
سوال: دل ایک تھیلی نما ملفوف ہوتا ہے، اس کا نام کیا ہے؟ جواب: پیری کارڈیم۔
سوال: دنیا کی سخت ترین چیز کون سی ہے؟ جواب: ہیرا۔
سوال: برف کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟ جواب: بارہ۔
سوال: دنیا میں آموں کی کتنی اقسام پائی جاتی ہیں؟ جواب: ایک ہزار اقسام
سوال: دنیا میں مسلمانوں کی تعداد کتنی ہے؟ جواب: ایک ارب 30 کروڑ تقریباً
سوال: دنیا میں ایسے لوگوں کی تعداد کتنی ہے جن کا کوئی مذہب نہیں؟
جواب: پچاسی کروڑ تقریباً

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کب شہادت پائی؟ جواب: کوفہ۔ 661ء میں

سوال: انسان کا دماغ کب کام کرنا بند کرتا ہے؟ جواب: پاگل ہونے کے بعد۔

سوال: چاند پر سے آسمان کس رنگ کا نظر آتا ہے؟ جواب: سیاہ رنگ کا۔

سوال: خانہ کعبہ کے گرد ایک دفعہ چکر لگانے کو کیا کہتے ہیں؟ جواب: شوط۔

سحر کے لئے مجرب دعا

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ سات عدد بیری کے پتوں پر کسی نمازی پرہیزگار مومن سے لکھوایا جائے اور آبِ زم زم سے حل کر کے پانی پلائیں۔ تو انشاء اللہ العزیز بیماری اور سحر سے شفا ہو جائے گی۔

سوائے موت کے ہر مرض سے شفا

سورۃ الحدید کی پہلی چھ آیات عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک سورۃ حشر کی آخر چار آیت۔ سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 18 شَهِدَ اللّٰهُ سے لے کر الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ تک۔ اور آیت نمبر 26 اور نمبر 27 قُلِ اللّٰهُمَّ سے لے کر بِغَیْرِ حِسَابٍ تک پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اللہ کے حکم سے شفا ہوگی۔ یہ عمل تیر بہدف ہے۔

آسیب سے چھٹکارا

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَی اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ

جس شخص پر آسیب ہو پہلے چودہ مرتبہ نادِ علی صغیر پڑھیں اور پھر یہ اوپر والی آیات تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اور منہ پہ چھینٹا ماریں یا کان میں دم کریں۔ انشاء اللہ فوراً شفا ہوگی۔

ڈینگی بخار (وائرس) سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ ۱۱،۱۱بار صبح شام پڑھیں۔

ایسا مرض جس سے اطباء عاجز ہوں۔ سفید چینی کی پلیٹ پر لکھ کر چالیس روز پلائیں۔ (یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِہٖ وَبَقَائِہٖ بِحَقِّ یَا حَیُّ اور سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ضرور اثر ہوگا۔

امتحان میں کامیابی کے لئے دعا

عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ تین سو مرتبہ ''اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ'' پڑھ کر خشوع و خضوع کے ساتھ دعا مانگیں یہ عمل امتحان کا نتیجہ آنے تک جاری رکھیں۔

ہر بیماری سے نجات (بذریعہ حدیث نبوی ﷺ)

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص بارش کا پانی لے کر اس پر سورہ فاتحہ ستر مرتبہ، سورہ اخلاص ستر مرتبہ اور سورہ فلق اور سورہ الناس ستر ستر بار پڑھ کر دم کرے تو آپ ﷺ نے قسم کھا کر ارشاد فرمایا کہ جبرائیل علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے اور مجھے خبر دی کہ جو شخص یہ پانی سات روز تک متواتر پیئے گا، اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کے جسم سے ہر بیماری دور فرما دیں گے اور صحت و عافیت عطا فرمائے گا اور اس کے گوشت پوست اور ہڈیوں سے بلکہ تمام اعضاء سے بیماریاں نکال دیں گے۔

شوگر کیلئے

بلا ناغہ ڈھائی ماہ تک صبح و شام پانی پر دم کر کے پیئیں۔ اوّل و آخر درود ابراہیمی تین مرتبہ

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۔

ہر نقصان سے حفاظت کی دُعا

حضرت ابان بن عثمانؓ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے والد کو کہتے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو بندہ صبح و شام یہ دونوں دعائیں پڑھ لے گا، اس کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ (مشکوۃ شریف)

تین مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

سات مرتبہ

حَسْبِىَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

جہنم سے آزادی کا پروانہ

حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب تم مغرب کی نماز سے فارغ ہو جاؤ تو سات مرتبہ پڑھو کیونکہ جب تم یہ کلمات کہو گے اور اس رات تمہارا انتقال ہو گیا تو تمہارے واسطے جہنم سے آزادی کا ایک پروانہ لکھ دیا جائے گا۔ اس طرح فجر کی نماز سے فارغ ہو کر یہ کلمات سات مرتبہ کہو اگر اس روز تمہارا انتقال ہو گیا تو تمہارے لئے آزادی کا پروانہ لکھ دیا جائے گا۔ (کنز العمال)

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِىْ مِنَ النَّارِ

☆☆☆☆☆☆

سو سالہ کیلنڈر

یکم جنوری 2000ء سے — یکم جنوری 2100ء تک

سال دیکھنے کے لئے / ماہ دیکھنے کے لئے

											JAN جنوری	FEB فروری	MAR مارچ	APR اپریل	MAY مئی	JUN جون	JUL جولائی	AUG اگست	SEP ستمبر	OCT اکتوبر	NOV نومبر	DEC دسمبر
2001	2007	2018	2029	2035	2046	2057	2063	2074	2085	2091	A	D	D	G	B	E	G	C	F	A	D	F
2002	2013	2019	2030	2041	2047	2058	2069	2075	2086	2097	B	E	E	A	C	F	A	D	G	B	E	G
2003	2014	2025	2031	2042	2053	2059	2070	2081	2087	2098	C	F	F	B	D	G	B	E	A	C	F	A
2005	2011	2022	2033	2039	2050	2061	2067	2078	2089	2095	F	B	B	E	G	C	E	A	D	F	B	D
2006	2017	2023	2034	2045	2051	2062	2073	2079	2090		G	C	C	F	A	D	F	B	E	G	C	E
2009	2015	2026	2037	2043	2054	2065	2071	2082	2093	2099	D	G	G	C	E	A	C	F	B	D	G	B
2010	2021	2027	2038	2049	2055	2066	2077	2083	2094		E	A	A	D	F	B	D	G	C	E	A	C
							2000	2028	2056	2084	F	B	C	F	A	D	F	B	E	G	C	E
							2004	2032	2060	2088	D	G	A	D	F	B	D	G	C	E	A	C
							2008	2036	2064	2092	B	E	F	B	D	G	B	E	A	C	F	A
							2012	2040	2068	2096	G	C	D	G	B	E	G	C	F	A	D	F
							2016	2044	2072	2100	E	A	B	E	G	C	E	A	D	F	B	D
							2020	2048	2076		C	F	G	C	E	A	C	F	B	D	G	B
							2024	2052	2080		A	D	E	A	C	F	A	D	G	B	E	G

لیپ سال

دیکھنے کا طریقہ

اس سو سالہ کیلنڈر میں سالوں، مہینوں، دنوں اور تاریخوں کا گوشوارہ الگ الگ بنادیا گیا ہے۔ دن معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سال کی ٹیبل کے سامنے جنوری 2000ء الیف کے خانے میں درج ہے۔ اب دنوں اور تاریخوں کے گوشوارے میں الیف کے خانے میں یکم جنوری 2000ء کو ہفتہ ہوگا۔ اسی طرح آپ کسی بھی سال، مہینے کی کسی بھی تاریخ کا دن معلوم کر سکتے ہیں۔

دن اور تاریخ دیکھنے کے لئے

A

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
	1	2	3	4	5	6
7	8	9	10	11	12	13
14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27
28	29	30	31			

B

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
		1	2	3	4	5
6	7	8	9	10	11	12
13	14	15	16	17	18	19
20	21	22	23	24	25	26
27	28	29	30	31		

C

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
			1	2	3	4
5	6	7	8	9	10	11
12	13	14	15	16	17	18
19	20	21	22	23	24	25
26	27	28	29	30	31	

D

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
				1	2	3
4	5	6	7	8	9	10
11	12	13	14	15	16	17
18	19	20	21	22	23	24
25	26	27	28	29	30	31

E

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30

F

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
30	31					1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	29

G

SUN	MON	TUE	WED	THU	FRI	SAT
1	2	3	4	5	6	7
8	9	10	11	12	13	14
15	16	17	18	19	20	21
22	23	24	25	26	27	28
29	30	31				

ماسٹر پبلشرز
المعراج سنٹر 22-اُردو بازار لاہور
فون: 042-37116363
موبائل: 0333-4224994